بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط

حرفِ اوّل

لاہور بورڈ نے میٹرک کے نتائج کا اعلان کر دیا ہے۔ ملک بھر کے دوسرے علاقوں سے بھی میٹرک کے نتائج کا اعلان آج کل میں متوقع ہے۔ اندازہ ہے کہ بہت جلد اخبارات میں مختلف کالجوں کی جانب سے "اعلان داخلہ" کے اشتہارات نظر آنے لگیں گے۔ پروگرام یہ ہے کہ دوسرے کالجوں کے ساتھ ہی قرآن کالج میں ایف اے کلاسز کے لیے داخلوں کا آغاز بھی کر دیا جائے گا۔ پچھلے سال داخلے کے اُمیدوار طلبہ کی تعداد ہماری توقع سے زائد تھی۔ چنانچہ ایف اے کلاس کو دو حصّوں (SECTIONS) میں تقسیم کرنا پڑا تھا۔ اگرچہ قرآن کالج کے حصّے میں جو طلبہ آئے وہ بحیثیتِ مجموعی قابلیت اور ذہنی استعداد کے اعتبار سے اوسط درجے سے قدرے کم ہی قرار پائیں گے، تاہم وہ کلاس "جوہر قابل" سے بالکل خالی بھی نہ تھی۔ ہمارا عزم تو یہ ہے کہ ہم ان شاء اللہ کالج میں وہ ماحول مہیّا کرنے کی پوری کوشش کریں گے کہ طلبہ میں کم و بیش جو صلاحیت و استعداد بھی ہو وہ پورے طور پر نکھر جائے اور ہر اس طالب علم کو جو پڑھائی کے معاملے میں کچھ بھی سنجیدہ ہو، سازگار ماحول میسّر آ سکے۔ الحمد للہ کہ پچھلے تعلیمی سال کے دوران ہم اپنی اس کوشش میں بہت حد تک کامیاب رہے ہیں۔ اور نصابی تعلیم کے ساتھ ساتھ طلبہ کو دیگر اہم دینی معلومات پہنچانے کی بھی بھرپور کوشش کی گئی ہے۔ اس ضمن میں "دو روزہ صلوٰۃ کیمپ" کا معاملہ خاص طور پر قابلِ ذکر ہے جس کی اجمالی رپورٹ اسی پرچے میں شامل ہے۔

قارئینِ "حکمتِ قرآن" اور جملہ وابستگانِ انجمن سے گزارش ہے کہ وہ قرآن کالج کی آئندہ ایف اے کلاس کے لیے اپنے گھروں میں اور اپنے اپنے حلقۂ احباب میں ان طلبہ کو ہدف بنا کر قرآن کالج میں داخلے پر ذہناً آمادہ کریں جنہوں نے حال ہی میں میٹرک کا امتحان دیا ہو۔ اور جیسا کہ مرکزی انجمن کے صدر مؤسّس نے اپنے خطابِ عید میں فرمایا تھا کہ اپنے اُن بچّوں کو دینی تعلیم کے لیے وقف کریں جو ذہین اور باصلاحیت ہوں۔ تبھی دعوت رجوع الی القرآن کا کام آگے بڑھ سکے گا۔